اکتوبر

سائبر تحفظ (سائبر سیکیورٹی) آگاہی مہینہ

اپنا تحفظ کریں!

1. فشینگ (phishing) ای میلز سے خبردار رہیں

فیشنگ ایک ایسا عمل ہے جب سائبر مجرمان جعلی ای میلز کے ذریعے معلومات چوری کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ اپنے آپ کو کوئی اور فرد ظاہر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ خطرناک لنکس پر کلک کریں۔ اگر کوئی ای میل مشکوک لگے، محتاط ہو جائیں، معلوم کریں کہ اسے کس نے بھیجا ہے اور کیا یہ ای میل اس فرد سے میچ کرتی (میل کھاتی) ہے جو یہ فرد اپنے آپ کو ظاہر کر رہے ہیں۔

2. متعدد مراحل کی تصدیق (MFA) کو استعمال کریں

جب آپ MFA کے ساتھ لاگ اِن ہو رہے ہوں تو ہیکرز (سائبر چور) کے خلاف دفاع کی ایک اضافی تہہ حاصل کریں۔ یہ ایک خفیہ کوڈ کے ساتھ ایک ٹیکسٹ کی طرح ہے جس کی معیاد ایک مرتبہ استعمال کرنے کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔

3. ایک قوی پاس ورڈ یا پاس فریز (فقرہ) استعمال کریں

ہر جگہ پر ایک ہی پاس ورڈ استعمال نہ کریں! حروف، ہندسے اور علامات کا استعمال کریں۔
(پاس ورڈ) جتنا طویل ہو گا اتنا ہی بہتر ہوگا، اور پاس فریز مدد کر سکتے ہیں۔

4. اپنے سافٹ ویئر کو جدید ترین (اپ ٹو ڈیٹ) رکھیں

اس سے سائبر چوروں کے ڈالے گئے سافٹ وئیر سے آپ کی معلومات کی چوری ہونے اور وائرس (انفیکشن) کے پھیلاو کے خطرے میں کمی آ سکتی ہے۔

5. سوشل میڈیا پر عقل مندی سے کام لیں، محفوظ رہیں!

آپ کی مکمل تاریخِ پیدائش (سالگرہ)، گھر کا پتہ، یا آپ کا مقام، جیسی ذاتی معلومات کو آپ کی شناخت کو چوری کرنے یا غنڈہ گردی کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

6. اپنا دفاع کریں - محفوظ وائی فائی استعمال کریں

عوامی (پبلک) نیٹ ورکس غیر محفوظ ہیں۔ کوئی بھی بشمول ای میل اور یا بینک اکاؤنٹ میں لاگ ان ہونے کے، یہ دیکھ سکتا ہے کہ آپ آن لائن کیا کر رہے ہیں ۔

مزید جاننا چاہتے ہیں؟

diit

NYC Public Schools